بسم اللہ الرحمن الرحیم

# دِل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے

حضرت مولانا مفتی محمد اسمٰعیل صاحب

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَمَنْ تَبِعَھُمْ بِاِحْسَانٍ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ.

اَللّٰھُمَّ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ، یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا دَیَّانُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ، اَللّٰھُمَّ یَا اَوَّلَ الْاَوَّلِیْنَ وَیَا اٰخِرَ الْاٰخِرِیْنَ وَیَا ذَاالْقُوَّۃِ الْمَتِیْنِ وَیَا رَاحِمَ الْمَسَاکِیْنِ وَیَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ، اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْغَنِیُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَاءُ ، اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنَّا ، اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْلَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَکُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ، رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ، رَبَّنَا اغْفِرْلَنَا ذُنُوْبَنَا وَکَفِّرْعَنَّا سَیِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ، رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابِ، رَبَّنَا اغْفِرْلَنَا وَلِاِخْوَانِنَاالَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَا اِنَّکَ رَؤُفٌ رَّحِیْمٌ، رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَۃً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِکَ مِنَ الْقَوْمِ الْکَافِرِیْنَ، اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، اَنْتَ الْغَنِیُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَاءُ، اَنْتَ الْقَوِیُّ وَنَحْنُ الضُّعَفَاءُ، اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ الْھُدٰی وَالتُّقٰی وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰی، اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ وَالْمُعَافَاۃَ الدَّائِمَۃَ فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ، اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا حَلَالًا طَیِّبًا وَّعَمَلًا صَالِحًا مَّقْبُوْلًا وَّتِجَارَۃً لَنْ تَبُوْرَ وَشِفَاءً ا مِنْ کُلِّ دَآءٍ، اَللّٰھُمَّ اِنَّا

Scanned by CamScanner

نَسْئَلُكَ اِيْمَانًا كَامِلاً وَّيَقِيْنًا صَادِقًا وَّوَفَاءً ا بِعَهْدِكَ وَاِتِّبَاعًا لِّسُنَّةِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ تَوْبَةً نَّصُوْحًا وَّتَوْبَةً قَبْلَ الْمَوْتِ، وَرَاحَةً عِنْدَالْمَوْتِ ، وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً بَعْدَ الْمَوْتِ، وَالْعَفْوَ عِنْدَالْحِسَابِ وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ، اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنَّا، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَّلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْلِيْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِيْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ.

اے اللہ تو ہمارے گناہوں کو معاف فرما، ہماری خطاؤں سے درگذر فرما۔ ہماری سیّات کو حسنات سے مبدل فرما۔ اے اللہ دن کے اُجالے میں اور رات کے اندھیرے میں، جانے میں انجانے میں، اے اللہ تیری نافرمانی کرتے رہے۔ خداوندا تو نے کرم پر کرم فرمایا، نعمتوں کی بارش برسائی، صحت وسلامتی کی دولت عطا کی، ایمان اور اسلام سے سرفراز فرمایا، خداوندا عزت والی زندگی دی، یا اللہ سب کچھ ملنے کے بعد بھی تیری نافرمانی کرتے رہے، گناہ کے ساتھ زندگی گذارتے رہے، خداوندا ہماری نافرمانیوں کے باوجود تو نے رزق بند نہیں کیا، خداوندا ہماری کوتاہیوں کے باوجود تیرے کرم میں کوئی کمی نہیں آئی، اے اللہ تو ہمارے اس جرم عظیم کو معاف فرمادے، اے اللہ تیرے نبی نے ہمیں یہ خبر دی ہے کہ جب بندے تیرے در پر بیٹھ کر اپنے گناہوں کا اقرار واظہار کرتے ہیں، خداوندا انھیں خالی لوٹاتے ہوئے تجھے حیاء وشرم آتی ہے، حساس وشرمیلے مولیٰ ہمارے دامنوں کو مرادوں سے بھر دے، اے اللہ ان اٹھے ہوئے ہاتھوں کی لاج رکھ لے، اے اللہ تیرے در پر ختم قرآن کے موقع پر حفاظ کرام بھی آئے ہیں، اے اللہ علماء بھی ہیں، اے اللہ اس میں سفید ریش بوڑھے بھی ہیں، بے داغ جوانیوں والے جوان بھی ہیں، اے اللہ گذشتہ رات سے اس موقع کیلئے بیٹھے ہوئے ہیں۔ خداوندا تجھے ختم قرآن کے اس موقعہ کا واسطہ، تیرے رحم وکرم کا واسطہ، رمضان المبارک کی رحمت کا واسطہ، رمضان المبارک کی مغفرت کا واسطہ اور آگ سے خلاصی کا واسطہ، خداوندا تجھے تیری محبت کا واسطہ، تیرے رحم کا کرم کا، عافیت کا، فضل و کرم کا واسطہ، اے اللہ ہمیں معاف فرمادے۔ اے اللہ ہماری مغفرت فرمادے۔ ہمارے

Scanned by CamScanner

ماں باپ کی مغفرت فرما دے اے اللہ جنہوں نے بڑی محنتوں سے پالا پوسا، ہمارے لئے تکلیفیں اٹھائی، خود بھوکے رہ کر ہمیں کھلایا، تکلیف میں رہ کر ہمیں آرام پہونچانے کی کوشش کی، اے اللہ ہماری روزی کے حصول کے لیے، رات کا سکون دیکھا نہ دن کا چین دیکھا اور حلال روزی کے حصول کے لیے جد و جہد اور کوشش کرتے رہے، اے اللہ ہماری تربیت کے لیے جو کچھ ان سے ہو سکا، اے اللہ ہمارے لیے انہوں نے کیا، اے اللہ ہماری طرف سے ہمارے والدین کو جزائے خیر عطا فرما۔ اے اللہ اپنی شان کے مطابق جزا عطا فرما، ہمارے اساتذہ کی مغفرت فرما اے اللہ جن اساتذہ کے ذریعے سے تیری یہ کتاب ہم تک پہونچی ہے اے اللہ تیرے دین کا علم ہم تک پہنچا ہے اے اللہ ان تمام لوگوں کی قبروں کو نور سے بھر دے اے اللہ ان کی مغفرت فرما، ان کے درجات کو بلند فرما، اے اللہ عذابِ قبر سے ان کی حفاظت فرما، اے اللہ اپنے محبوب اور مقبول بندوں میں شامل فرما، اے اللہ ہماری طرف سے انہیں بہترین جزا عطا فرما، ان کی نیکیوں کو قبول فرما، ان کی خطاؤں کو درگذر فرما، ان کی سیئات کو حسنات سے مبدل فرما۔ اے اللہ تجھے تیرے نبی کا واسطہ، جنہوں نے ہمارے لیے بڑی قربانیاں دیں، ہمارے لیے بہت تڑپے، ہمارے لیے تجھ سے بہت کچھ مانگا۔ اے اللہ قیامت تک آنے والی انسانیت کو قرآن کی دولت عطا کی، علم کی دولت سے سرفراز فرمایا۔ ساری انسانیت کی صحیح رہبری کے لیے ساری زندگی کے لیے اصول اور نظام ترتیب دیا۔ اے اللہ اپنے محبوب کی قربانیوں کو قبول فرما، اور اپنی امت کی طرف سے، اے اللہ اپنے بندوں کی طرف سے اپنے نبی کو خوب جزائے خیر عطا فرما۔ اے اللہ یہ رمضان کی اخیر اخیر راتیں ہیں خداوندا مسجد میں معتکفین بیٹھے ہیں۔ اے اللہ تیرا در پکڑ کر اور تیرے در پر جم کر یہ نیت لے کر بیٹھے ہیں کہ اے اللہ تو سب کی مرادیں پوری کر دے گا، آج تجھ کو راضی کر کے یہاں سے اٹھیں گے، تیری محبت کو حاصل کر کے یہاں سے جائیں گے، اپنے دامنوں کو مرادوں سے بھر کر اٹھیں گے، اے اللہ رمضان المبارک کا یہ آخری عشرہ ہے، اے اللہ آگ سے آزادی کا یہ موقعہ ہے۔ اے اللہ اس وقت تیرے لاکھوں بندے تیرے گھر کا طواف کر رہے ہوں گے، اے اللہ عمرے کر رہے ہوں گے، اے اللہ تیرے گھر کا غلاف پکڑ کر

Scanned by CamScanner

دُعائیں کر رہے ہوں گے، اے اللہ حطیم میں نمازیں پڑھ رہے ہوں گے۔ اے اللہ ان کے لبیک سے فضا گونج رہی ہوگی، اے اللہ نہ جانے تیرے لاکھوں بندے تیرے محبوب نبی ﷺ کے در پر صلوٰۃ وسلام پڑھ رہے ہوں گے، اے اللہ ان سب کی حاضری کو قبول فرما لے، ان سب کے صلوٰۃ وسلام کو قبول فرمالے، اے اللہ ان سب نیک بندوں کی دعاؤں میں ہمیں حصہ عطا فرمادے، اے اللہ تیرا کلام پاک تیرے کرم سے پڑھا گیا، تیرے فضل سے پڑھا گیا، تیری توفیق سے پڑھا گیا، خداوندا تو بہتر جانتا ہے، اے اللہ تیرے کلام کا حق اچھے اچھوں سے ادا نہیں ہوسکا، اے اللہ ہم جیسے ناتواں اور کمزور تیری کتاب کا حق کہاں ادا کرسکتے ہیں۔ خداوندا پھر بھی تیری توفیق تھی تیرا کرم تھا، تیری مدد شامل حال تھی اے اللہ تیری کتاب کو پڑھا گیا، اے اللہ اس میں جو کچھ خوبیاں ہیں اے اللہ وہ سب تیری عطا کردہ ہیں، تیرا فضل ہے، اے اللہ جو کوتاہیاں ہم سے ہوگئی ہوں اے اللہ اپنے فضل وکرم سے معاف فرمادے، ہمارے پڑھنے کو اپنے فضل وکرم سے قبول فرمالے، اے اللہ اس کی جزا اور اس کا صلہ دنیا وآخرت دونوں جگہ ہمیں عطا فرما، اے اللہ تو دانا ہے، اے اللہ تو غنی ہے ہم محتاج ہیں اے اللہ تو قوی ہے ہم ضعیف (کمزور) ہیں اے اللہ آج ہم بھکاری بن کر تیرے در پر دونوں ہاتھ پھیلائے ہوئے ہیں، خداوندا تجھ سے رحمت کی بھیک مانگتے ہیں، تجھ سے کرم کی بھیک مانگتے ہیں، اے اللہ تجھ سے مدد کی بھیک مانگتے ہیں، اے اللہ ان اٹھے ہوئے ہاتھوں کی لاج رکھ لے، اے اللہ نہ جانے کتنے بندوں نے دعاؤں کی درخواست کی ہیں، اے اللہ تو بہتر جانتا ہے کہ ہم کیا ہیں ہماری زندگیاں کیا ہیں، خداوندا تو نے ستاری فرمائی ہے، اے اللہ تو نے عزت دی ہے، اے اللہ لوگ عزت کے ساتھ سلوک کرتے ہیں، اے اللہ اگر تو ہمارے گناہوں کو ظاہر کردے تو کوئی ہماری طرف دیکھنا بھی پسند نہ کرے، اے اللہ نہ جانے کیا آس وامید سے، اے اللہ نہ جانے کیا سمجھ کر تیرے کتنے بندوں نے دعاؤں کی درخواست کی ہیں، اے اللہ تو اپنے بندوں کی حاجتیں ان سے بہتر جانتا ہے، اے اللہ جو بیمار ہیں انہیں شفاء عطا فرمادے، اے اللہ جو کمزور ہیں انھیں قوت عطا فرمادے، اے اللہ جو محتاج ہیں انہیں غنی کردے، اے اللہ جو مقروض ہیں انھیں قرضوں کے بوجھ سے نجات عطا

Scanned by CamScanner

فرما دے۔ اے اللہ نہ جانے تیرے کتنے بندے مقروض ہو کر زندگی گذار رہے ہیں، اے اللہ ذلت کی زندگی سے ہمیں نجات دیدے، اے اللہ قرض کے بوجھ سے سبکدوش فرما دے، اے اللہ اپنے خزانہ غیب سے ہمارے قرضوں کی ادائیگی کا انتظام فرما دے، اے اللہ دنیا کی محبت میں ہم مقروض ہو گئے، اے اللہ دنیا کی محبت میں ہم نے ذلت کے ساتھ زندگی گذارنا قبول کرلیا، اے اللہ دنیا کی محبت دلوں سے نکال دے، اے اللہ آخرت کا یقین اور محبت دلوں میں پیدا فرما دے۔ اے اللہ اب تک کی زندگی گناہوں میں گذری، اے اللہ قصوروں اور کوتاہیوں کے ساتھ گذری، غفلت کے ساتھ گذری، اے اللہ تو نے کرم پر کرم فرمایا، اے اللہ نعمتوں کی بارش فرمائی، اے اللہ پھر بھی ہم نے تیری نافرمانی کی، تیری نافرمانی کے ساتھ گناہوں کی زندگی گذارتے رہے، اے اللہ ہم پر رحم وکرم فرما دے، اے اللہ ہماری مغفرت فرما، ہمارے ماں باپ کی مغفرت فرما، اے اللہ ہمارے دوست واحباب کی مغفرت فرما، جنہوں نے مصیبت کی گھڑی اور ضرورت کے وقت ہمارا ساتھ دیا اے اللہ ہمارے محسنین کی مغفرت فرما، ہم سے محبت رکھنے والوں کی مغفرت فرما، اے اللہ جن لوگوں نے ہم سے دعاؤں کی درخواست کی ہے اے اللہ جو لوگ ہمارے لئے دعائیں کرتے ہیں، جو ہم سے محبت رکھتے ہیں، خداوندا اپنے فضل وکرم سے ان تمام کی مغفرت فرما دے، ان کی دنیا و آخرت کی تمام حاجتیں پوری فرما دے، خداوندا اپنے فضل وکرم سے ہمارے بیماروں کو شفاء کاملہ عاجلہ عطا فرما، اے اللہ انہیں صحت وشفاء عطا فرما، اے اللہ جو بے اولاد ہوں انہیں نیک وصالح اولاد عطا فرما، اے اللہ ہماری اولاد میں صالحیت کے اوصاف پیدا فرما، اے اللہ ہمارے بچوں اور آنے والی نسلوں کو حافظ بنا، اپنے علوم کا عالم بنا، اپنے دین کا داعی بنا اور حکمت کے چشمے ان کی زبانوں پر جاری فرما، ان کے دلوں کو حکمت سے معمور فرما، اے اللہ باطل نظریات سے ان کی حفاظت فرما، اے اللہ پوری دنیا میں آج غیروں کے منصوبوں کی وجہ سے ہم نے دین کی راہ چھوڑ دی، بے راہ وگمراہ ہو کر زندگی گذار رہے ہیں، اے اللہ غیروں نے ہمیں اپنے قدموں کی ٹھوکر بنالیا ہے، اے اللہ پوری دنیا کے مسلمان جن حالات سے دوچار ہیں اے اللہ تو بہتر جانتا ہے، اے اللہ اسلام دشمن طاقتوں نے مسلمانوں کو نیست

Scanned by CamScanner

و نابود کرنے کے لئے اور تیرے دین کو ختم کرنے کے لیے نہ جانے کتنی سازشیں کیں، ظلم و بربریت کے ساتھ تیرے بندوں کو آزمائشوں میں ڈالے ہوئے ہیں، اے اللہ اپنے مظلوم بندوں کی مدد فرما ان کی نصرت فرما، اے اللہ غیب کے فرشتوں کے لشکر نازل فرما، اے اللہ ان کے اکھڑے ہوئے قدموں کو جما دے۔ اے اللہ مسلمانوں کی بھرپور مدد و نصرت فرما، اے اللہ اسلام اور عالم اسلام کی حفاظت فرما۔ اے اللہ انسانیت پر رحم فرما، اے اللہ امن و سلامتی کا ماحول پیدا فرما، اے اللہ ظالموں کو ظلم سے روک دے اور ہماری گردنوں پر مسلط ہونے سے ہماری حفاظت فرما، اے اللہ آج عراق اور اس سے پہلے افغانستان، فلسطین اور نہ جانے دنیا کے کتنے علاقے اسلام دشمن طاقتوں کے پیروں سے روندے جاتے رہے، اے اللہ معصوم معصوم بچے شہید ہوتے رہے، اے اللہ عورتیں بے عزت ہوتی رہیں، اے اللہ مکانات منہدم ہوتے رہے، لوگ شہادت پاتے رہے، اے اللہ ظالموں نے ظلم بند نہیں کیا خداوندا ان مظلوموں کی مدد فرما، اے اللہ ان شہداء کی مغفرت فرما، ان کے درجات کو بلند فرما، اے اللہ ظالموں کو ظلم سے روک دے، اے اللہ ان کی صفوں میں انتشار پیدا فرما دے، اے اللہ ان کے اسباب کو ناکارہ کر دے اور ان کے منصوبوں کو ناکام فرما دے اور ان کی سازشوں کو آشکارا کر دے، خداوندا ان میں پھوٹ ڈال دے، اے اللہ اسلام کی صفوں میں اتحاد پیدا فرما، اے اللہ ہم چاہیں یا نہ چاہیں ہماری پیشانیوں کے بالوں کو پکڑ کر صراط مستقیم پر گامزن فرما، اے اللہ ہمیں دین کا داعی اور دین کا علمبردار بنا، اے اللہ اپنی محبت عطا فرما، اپنے حبیب کی محبت عطا فرما، اپنے محبوب بندوں کی محبت عطا فرما، دینِ اسلام کی محبت عطا فرما اور دین اسلام کی حقانیت کا یقین ہمارے دلوں میں جاگزیں فرما۔ اے اللہ ہمیں اسلام کے مطابق زندگی گذارنے کی توفیق عطا فرما، ہمیں نمازوں کا پابند بنا، اپنے احکام کی تابعداری کی توفیق عطا فرما، فرماں برداری کی زندگی عطا فرما، اے اللہ ہمارے گھروں میں چین و سکون عطا فرما، میاں بیوی میں نباہ کی شکلیں و صورتیں پیدا فرما، اے اللہ ہمارے بچوں کو فرماں بردار، دیندار، نیک اور اطاعت گذار بنا۔ خداوندا اپنی محبت و معرفت سے انہیں سرشار فرما، اے اللہ آنے والا وقت بظاہر بڑا کٹھن نظر آ رہا ہے اے اللہ ہماری عمر تقریباً گذر

Scanned by CamScanner

گئی ہماری آنے والی نسلوں کی عمریں کیسے کٹیں گی، خداوندا تیری بارگاہ میں ہاتھ پھیلا کر آنے والی نسلوں کے لئے امن وسلامتی کا سوال کرتے ہیں، اے اللہ آنے والی نسلوں کو عزت عطا فرما، امن وسلامتی عطا فرما، اے اللہ انھیں دین کا داعی اور دین کا علمبردار بنا، انھیں حافظ قرآن بنا، اے اللہ انہیں اسلام کا سپاہی بنا، اے اللہ انھیں اسلام کا داعی بنا اور اے اللہ انہیں اپنے علوم کا عالم بنا، اے اللہ حکمت کے چشمے ان کی زبانوں پر جاری فرما، اے اللہ دنیا کی محبت سے انھیں نجات عطا فرما، قرض کی زندگی سے انھیں نجات عطا فرما، اے خداوندا اسلام کی تبلیغ ونشر واشاعت کے لیے ہمیں اور ہماری آنے والی نسلوں کو قبول فرما، خداوندا آج ہمارے شہر، ملک اور پوری دنیا پر کساد بازاری کا ماحول ہے، اے اللہ لوگ رزق کی تنگی اور کاروبار کی خرابی سے پریشان ہیں، اے اللہ رزق کا معاملہ تیرے قبضۂ قدرت میں ہے، جب چاہتا ہے اس کو کشادہ کردیتا ہے، تو جب چاہتا ہے اس کو کم کردیتا ہے، اے اللہ تو اپنے بندوں پر رحم فرمادے، ہماری روزی کشادہ کردے، اے اللہ ہمیں فراخ روزی عطا فرما، عزت والی روزی عطا فرما، اے اللہ برکت والی روزی نصیب فرما، عافیت وسہولت والی روزی نصیب فرما، اے اللہ نمازوں کے اہتمام کے ساتھ اور اپنے احکام کی تعمیل کے ساتھ ہمیں فراخی عطا فرما، اے اللہ رزق کو کشادگی عطا فرما، چین وسکون کی زندگی عطا فرما، اے اللہ ہمیں توکل عطا فرما، اے اللہ اپنے فضل وکرم سے اپنی عظمت کا یقین عطا فرما، اے اللہ اپنی ذاتِ عالی کا یقین عطا فرما، اپنی صفات عالیہ کا یقین عطا فرما، اے اللہ اس مجمع میں کتنے ایسے ہیں جنہوں نے مختلف کاروبار میں رقمیں لگائی ہیں، اے اللہ وہ رقمیں پھنسی ہوئی ہیں، خداوندا اپنے فضل وکرم سے ان تمام کی رقموں کی واپسی مقدر فرما، عافیت برکت و سہولت کے ساتھ مقدر فرما، جن کاموں کو شروع کیا تیرا نام لے کر شروع کیا اے اللہ اپنے فضل وکرم سے انھیں پورا فرمادے، اے اللہ اس مجمع میں جن جن لوگوں نے بھی دعاؤں کی درخواست کی ہیں اے اللہ ان تمام کی دنیا وآخرت کی تمام ضرورتیں وحاجتیں پوری فرما، اے اللہ ہمیں عزت وسرخروئی عطا فرما، ذلت ونکبت سے، افلاس، تنگدستی، مصیبت و پریشانی سے آپس کے جھگڑے سے ہماری حفاظت فرما، اے اللہ آپس میں اتحاد واتفاق پیدا فرما،

Scanned by CamScanner

آپس میں سچی محبت عطا فرما، اے اللہ حب فی اللہ اور بغض للہ کا جذبہ عطا فرما، اے اللہ دنیا میں امن و امان قائم فرما، امن و سلامتی کی فضائیں آراستہ فرما، اے اللہ رمضان المبارک کی تینوں عشروں کی رحمتوں، برکتوں اور مغفرتوں سے ہمیں مالا مال فرما، جہنم کی آگ سے خلاصی نصیب فرما، اے اللہ اپنے محبوب نبی کے طفیل میں، اپنی رحمتوں و برکتوں کے صدقے میں جو کچھ مانگا ہے وہ عطا فرما، اور اے اللہ جو نہ مانگ سکے اے اللہ تو ہماری ضرورتوں اور حاجتوں کو ہم سے زیادہ جانتا ہے، اے اللہ بے مانگے ہی ہماری وہ ضرورتیں پوری فرما، ساری حاجتیں پوری فرما دے، اے اللہ اپنے خزانۂ غیب سے ہماری ساری ضرورتیں پوری فرما دے، اے اللہ دنیا میں جتنی آفات، بلائیں اور پریشانیاں ہیں اے اللہ ہمیں ان تمام آفات سے نجات عطا فرما، عافیت عطا فرما۔ اے اللہ ہم کتنے ہی گنہگار صحیح، ہمارے گناہ پہاڑوں سے زیادہ ہیں لیکن تیری رحمت اس سے کہیں زیادہ ہے، اے اللہ تیری مغفرت اس سے کہیں زیادہ کشادہ ہے، اے اللہ تو ہمیں اور ہمارے گناہوں کو نہ دیکھ، اے اللہ تجھے تیری رحمت کا واسطہ، تجھے تیری عظمت کا واسطہ، اے اللہ ہماری مغفرت فرما دے، ہماری ضرورتیں حاجتیں پوری فرما دے، اے اللہ اسلام پر جینے کی توفیق عطا فرما، ایمان پر خاتمہ عطا فرما، جس وقت دنیا سے جانے کی گھڑی ہو تو ہماری بھرپور (مکمل) دستگیری فرما، شیطان کے مکروفریب سے ہماری حفاظت فرما اور اس وقت تیرا محبوب کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہماری زبانوں پر جاری فرما، اے اللہ خاتمہ بالخیر عطا فرما، اے اللہ عذابِ قبر سے ہماری حفاظت فرما، اے اللہ منکر نکیر کے سوال وجواب کو آسان فرما، اے اللہ قبر کو جنت کے باغوں میں سے ایک باغ بنا، جہنم کا گڑھا نہ بنا، اے اللہ پل صراط پر چلنا آسان فرما، اے اللہ میدانِ حشر میں ہماری دستگیری فرما، میدانِ حشر میں اپنے عرش کا سایہ عطا فرما، اپنی نظر رحمت سے مالا مال فرما، اے اللہ اپنے محبوب کے ہاتھوں سے جامِ کوثر پینے کی سعادت عطا فرما، اے اللہ اپنے محبوب کی شفاعت سے ہمیں جنت الفردوس عطا فرما، ہمیں اپنی رحمتوں کے طفیل جنت الفردوس عطا فرما، اے اللہ زندگی تو گناہوں کے سمندر میں گذری ہے، لیکن تیرے محبوب نے کہا ہے کہ اللہ سے مانگو تو جنت الفردوس مانگو، اے اللہ تجھ سے بہت بڑی چیز کا سوال کر رہے ہیں، اے

Scanned by CamScanner

اللہ لیکن تیرے لیے دینا کچھ بھی مشکل نہیں ہے، اے اللہ تو نے جنت اپنے بندوں ہی کے لیے بنائی ہے اور ایمان والوں کے لیے بنائی ہے، اے اللہ ہم تجھ سے جنت الفردوس کا سوال کرتے ہیں (مانگتے ہیں) اے اللہ ہمیں جنت الفردوس کا داخلہ عطا فرما، جنت میں اپنے نبی کا پڑوس عطا فرما، اپنے محبوب کی محبت کے ساتھ جنت میں ہمیں داخلہ عطا فرما، جنت میں اپنی زیارت سے مشرف فرما، جنت میں اپنی رضا عطا فرما، خداوندا جن جن لوگوں نے دعاؤں کی درخواست کی ہیں اے اللہ ان کے گمان کے مطابق ان کے ساتھ دنیا و آخرت میں سرخروئی کا معاملہ فرما، اے اللہ ان کی مرادوں اور حاجتوں کو پورا فرما، ہر قسم کے فتنوں سے ان کی حفاظت فرما، اے اللہ جن لوگوں نے ہماری کبھی مدد کی، ہمارے لئے احسان وسلوک کا معاملہ کیا، جن لوگوں نے ہمارے لئے دعائیں کیں اور ہم سے محبت رکھتے ہیں، اے اللہ ان تمام کو بہترین جزا عطا فرما، ان کی جان مال، عزت و آبرو، دین و ایمان میں برکت عطا فرما، ان کی جان، مال اولاد میں برکت عطا فرما، ہر قسم کی عافیت کی دولت عطا فرما، خداوندا قرآن پاک پڑھا گیا ہے، ختم قرآن کی یہ مجلس ہے، اے اللہ جن جن لوگوں نے اس مسجد میں تیرے اس پاک گھر کے اندر تیرے کلام کی حفاظت کی ہے، اے اللہ تیرے کلام پاک کو سنایا ہے اور اس محراب و منبر کو دین کی باتوں سے آباد کیا، پنج وقتہ نمازوں سے اسے آباد کیا، ان تمام لوگوں کی نیتوں کو قبول فرما، ان لوگوں کے اعمال کو قبول فرما اور انہیں جزائے خیر عطا فرما، اے اللہ اپنے فضل و کرم سے ہم نے جو کچھ مانگا اپنی حاجت اور ضرورت سمجھ کر مانگا، خداوندا تو ہماری حاجتیں وضرورتیں ہم سے بہتر جانتا ہے، اے اللہ ہم تو نہ مانگ سکے تو ہمیں بے مانگے ہی عطا فرما دے، نہ جانے کتنی نعمتیں تو نے ہمیں بے مانگے ہی عطا کی ہیں، اے اللہ تو نے مانگنے کا حکم دیا اور قبول کرنے کا وعدہ فرمایا ہے، اے اللہ تو مانگنے سے خوش ہوتا ہے تو نوازتا ہے، اے اللہ ہم تجھ سے بھکاری بن کر محتاج بن کر عاجزی اور بے کسی کے ساتھ ہاتھ پھیلا کر سوال کرتے ہیں، اے اللہ ہماری ساری حاجتیں ضرورتیں اپنے فضل و کرم سے پوری فرما دے، اے اللہ قرآن پاک جو کچھ پڑھا گیا قبول فرمالے، جو کچھ کوتاہیاں ہو گئی ہوں انھیں معاف فرما دے، اے اللہ تیرے بندے چوبیس گھنٹے سے

Scanned by CamScanner

دعاؤں میں شرکت کرنے کیلئے یہاں بیٹھے ہیں اے اللہ ان کی ساری حاجتیں ضرورتیں پوری فرمادے، اے اللہ جو گمان لے کر آئے ہیں انہیں ان کے گمان سے بڑھ کر عطا فرما، ہر قسم کا چین وسکون عطا فرما، آنکھوں کو حیاء عطا فرما، زبان کو سچائی عطا فرما، اے اللہ جسم کو فرماں بردار بنا، اے اللہ اطاعت گذار بنا، رات کی تنہائیوں میں اٹھ کر اخیر رات کے موقعہ پر اے اللہ اپنی بارگاہ میں جبینِ نیاز ٹیکنے کی توفیق عطا فرما، مناجات کی لذت عطا فرما، دعاؤں کی حلاوت عطا فرما، عبادت کی لذت عطا فرما، تلاوت کا ذوق وشوق عطا فرما، اپنی رضا عطا فرما، اپنی مرضیات کے مطابق زندگی گذارنے کی توفیق عطا فرما، اپنے محبوب نبی ﷺ کی سچی محبت عطا فرما، نیک اعمال کی رغبت اور شوق عطا فرما، اے اللہ دین میں خوشگوار انقلاب پیدا فرما، حالات کو تبدیل فرما، حرمین شریفین کی حفاظت فرما، اس کی خدمت کرنے والوں کو ترقی عطا فرما، حرمین شریفین کی عزت کو چار چاند لگا، اے اللہ جو لوگ حج، عمرہ اور دیگر عبادتوں کیلئے وہاں پہنچتے ہیں، اے اللہ ان کی حاضری کو قبول فرما اور ہمیں بھی بار بار مقبول حاضری کی دولت وسعادت عطا فرما، خداوندا تو تو بہتر جانتا ہے کہ ہماری زندگی کب تک ہے، خداوندا ممکن ہو ہماری زندگی کا آخری رمضان ہو، پھر اس کے بعد ہمیں موقع نہ مل سکے، اے اللہ اپنے فضل وکرم سے ہمیں معاف فرمادے اور اس موقع پر ہماری مغفرت کے فیصلے فرمادے، جو قرآن پاک پڑھا گیا اسے قبول فرمالے، آئندہ عزت کے ساتھ زندگی عطا فرما، ایمان کے ساتھ موت عطا فرما، اے اللہ ہماری زندگی کی بہترین روزی عمر میں مقدر فرما، زندگی کا بہترین حصہ آخر عمر میں عطا فرما، ذلت سے اور بے بسی کے ساتھ زندگی گذارنے سے ہماری حفاظت فرما، اے اللہ جس طرح آج تک تو نے عزت کی دولت دی ہے اور قبولیت عطا فرمائی ہے آج سے تادم حیات عزت وقبولیت سے سرفراز فرما۔ اے اللہ ہمارے قدموں کی گناہوں اور نافرمانیوں کی طرف جانے سے حفاظت فرما (محفوظ رکھ) اے اللہ ان ہاتھوں کو، جسم کے ایک ایک عضو کو اپنی نافرمانی سے محفوظ فرما، اے اللہ تجھے تیرے رحم کا، کرم کا، عافیت کا واسطہ، اے اللہ ہمیں معاف فرمادے، اے اللہ ہماری مغفرت فرمادے، اے اللہ ہماری عبادتوں کو، ہمارے روزوں کو، تلاوت کو، نمازوں کو قبول فرمالے،

Scanned by CamScanner

اے اللہ ان دعاؤں کو اپنے فضل وکرم سے، اپنے حبیب محمد رسول اللہ ﷺ کے صدقہ طفیل میں آپ ﷺ کی برکتوں سے قبول فرما لے، اے اللہ مساجد کی حفاظت فرما، مدارس کی حفاظت فرما، خداوندا آج سے تقریباً دس بارہ سال پہلے اس ملک میں تیری اس زمین پر دن کی روشنی میں تیرا گھر شہید کیا گیا، یا اللہ دنیا ان گنہ گار آنکھوں سے دیکھتی رہی، یا اللہ ہم کچھ بھی نہ کر سکے، ہونا تو یہ تھا کہ ہم شہید ہو جاتے تیرا گھر محفوظ رہتا، اے اللہ ہماری اس کوتاہی کو معاف فرما دے، یا اللہ جن گنہگار آنکھوں نے تیرے گھر کی شہادت دیکھی ہے، اے اللہ ان گنہگار آنکھوں کو تیرے گھر کی آبادی بھی دکھلا دے، اپنے گھر کی تعمیر بھی دکھلا دے، یا اللہ تیرے گھر کی تعمیر ہم پر قرض ہے، اسے ہمیں پورا (ادا) کرنے کی توفیق عطا فرما دے، اے اللہ ہم اگر ادا نہ کر سکے تو یہ قرض ہماری اولادیں ادا کریں یا اللہ اس کے فیصلے فرما دے، ایک قصور جو ہم سے ہو چکا ہے اسے معاف فرما دے، اے اللہ جو قصور کوتاہیاں ہو گئی ہیں اسے معاف فرما دے' اے اللہ تیرے گھر کے نام پر جن لوگوں نے قربانیاں دیں یا اپنے سینوں پر گولیاں کھائیں یا قید و بند کی صعوبتیں جھیل رہے ہیں اور آج تک مقدمات میں گھرے ہوئے ہیں، اے اللہ ان کی رہائی کے فیصلے فرما دے، انہیں قید و بند سے نجات عطا فرما دے، اور انھیں پچھلی زندگی کی تلافی فرما دے، اور ان کی قربانیوں کا بہترین صلہ عطا فرما دے، اور جتنے لوگوں نے ان کی مدد کی ہیں اے اللہ انھیں دنیا وآخرت میں بہترین صلہ عطا فرما دے، اے اللہ اپنے گھر کی آبادی کا فیصلہ فرما، مدارس، مساجد، خانقاہوں اور مقبروں کی حفاظت فرما۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ. وَتُبْ عَلَیْنَا اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ. اِنَّ اللهَ وَمَلٰئِکَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَا فِیْ عِلْمِ اللهِ صَلَاةً دَائِمَةً بِدَوَامِ مُلْکِ اللهِ. سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ.

☆☆☆

Scanned by CamScanner